# شہداءاُحدرضوان اللہ علیہم کی قبور کی زیارت

شہداءاحد کی زیارت کے وقت کہے:اَلسَّلامُ عَلی رَسُولِ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلَى نَبِيِّ اللهِ، اَلسَّلامُ عَلى مُحَمَّدِ
سلام ہو اللہ کے رسولؐ پر سلام ہو اللہ کے نبیؐ پر سلام ہو حضرت محمدؐ ابن عبدؑاللہ پر
بْنِ عَبْدِ اللهِ اَلسَّلامُ عَلی أَهْلِ بَيْتِهِ الطَّاهِرِينَ، اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ أَيُّهَا الشُّهَداءُ الْمُؤْمِنُونَ اَلسَّلامُ
سلام ہو ان کے پاک و پاکیزہ اہلبیتؑ پر سلام ہو آپ سب پر اے با ایمان شہیدان راہ خدا آپ پر سلام
عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ بَيْتِ الْإِيمانِ وَالتَّوْحِيدِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا أَنْصارَ دِينِ اللهِ وَأَنْصارَ رَسُولِهِ
ہوا اے ایمان اور توحید والے گھر کے افراد آپ پر سلام ہوا اے دین خدا کے مددگار و اور خدا کے رسول (سلام ان پر اوران کی آلؑ پر) کی نصرت کرنے
عَلَيْهِ وَآلِهِ اَلسَّلامُ، سَلامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ، أَشْهَدُ أَنَّ اللهَ اخْتارَكُمْ لِدِينِهِ،
والو آپ پر سلام ہو کہ آپ نے صبر کیا ہے تو آخرت میں اچھا گھر پایا میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا نے آپ کو اپنے دین کے لئے اختیار کیا اور اپنے رسول
وَاصْطَفاكُمْ لِرَسُولِهِ، وَأَشْهَدُ أَنَّكُمْ قَدْ جاهَدْتُمْ فِي اللهِ حَقَّ جِهادِهِ، وَذَبَبْتُمْ عَنْ دِينِ اللهِ وَعَنْ
کے لئے منتخب کیا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے خدا کی راہ میں جہاد کیا جسطرح جہاد کا حق ہے آپ نے خدا کے دین اور خدا کے نبیؐ کی حفاظت کی
نَبِيِّهِ، وَجُدْتُمْ بِأَنْفُسِكُمْ دُونَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّكُمْ قُتِلْتُمْ عَلى مِنْهاجِ رَسُولِ اللهِ، فَجَزاكُمُ اللهُ عَنْ
اور ان کیلئے اپنی جانیں قربان کی ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ بوقت شہادت آپ خدا کے رسولؐ کی روش پر تھے پس خدا آپ کو اپنے نبیؐ، دین اسلام اور
نَبِيِّهِ وَعَنِ الْإِسْلامِ وَأَهْلِهِ أَفْضَلَ الْجَزاءِ، وَعَرَّفَنا وُجُوهَكُمْ فِي مَحَلِّ رِضْوانِهِ، وَمَوْضِعِ إِكْرامِهِ
اہل اسلام کی طرف سے بہترین جزادے اور اپنی خوشنودی اور مہربانی کے مقام میں ہمیں آپ کا دیدار کرائے جو نبیوں، شہیدوں
مَعَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَداءِ وَالصَّالِحِينَ وَحَسُنَ أُولئِكَ رَفِيقاً. أَشْهَدُ أَنَّكُمْ حِزْبُ اللهِ،
اور صالحین کے ہمراہ وقریب ہے ان کی یہ رفاقت بہت بہترین ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کا گروہ ہیں اور جو آپ سے جنگ کرے گویا وہ
وَأَنَّ مَنْ حارَبَكُمْ فَقَدْ حارَبَ اللهَ، وَأَنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ الْفائِزِينَ الَّذِينَ هُمْ أَحْياءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ
خدا سے جنگ کرنیوالا ہے یقیناً آپ خدا کے مقرب اسکے ہاں کامیاب ہیں اور زندہ ہیں اپنے رب کے ہاں سے رزق پارہے ہیں پس جس جس نے آپ
يُرْزَقُونَ، فَعَلَى مَنْ قَتَلَكُمْ لَعْنَةُ اللهِ وَالْمَلائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ، أَتَيْتُكُمْ يَا أَهْلَ التَّوْحِيدِ زائِراً،
لوگوں کو قتل کیا اس پر خدا کی لعنت فرشتوں کی اور سب انسانوں کی لعنت ہوا اے توحید کے پرستارو میں آپ کی زیارت کرنے آیا آپ کے حق کو پہچانتے
وَبِحَقِّكُمْ عارِفاً،وَبِزِيارَتِكُمْ إِلَى اللهِ مُتَقَرِّباً وَبِمَا سَبَقَ مِنْ شَرِيفِ الْأَعْمالِ وَمَرْضِيِّ الْأَفْعالِ
ہوئے اور آپ کی زیارت کے ذریعے خدا کا تقرب چاہتا ہوں اور جو بہترین اعمال اور پسندیدہ افعال آپ نے انجام دیئے ہیں ان کو مانتا ہوں پس آپ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

**عـالِماً فَعَلَيْكُمْ سَلامُ اللهِ وَرَحْمَتُهُ وَبَرَكاتُهُ، وَعَلى مَنْ قَتَلَكُمْ لَعْنَةُ اللهِ وَغَضَبُهُ وَسَخَطُهُ. اَللّٰهُمَّ**

پرسلام ہوخدا کی ا پ پررحمت ہواوراس کی برکتیں اورجن لوگوں نے ا پ کوقتل کیاان پرخدا کی لعنت اس کاغضب اور ناراضگی ہوا ے معبود! مجھے ان شہداء

**انْفَعْنِي بِزِيارَتِهِمْ، وَثَبِّتْنِي عَلى قَصْدِهِمْ، وَتَوَفَّنِي عَلى مَا تَوَفَّيْتَهُمْ عَلَيْهِ، وَاجْمَعْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ**

کی زیارت سے نفع دے مجھے ان کے مقاصد پر ثابت قدم رکھ مجھے اس طریق پر موت دے جس پر انہیں موت دی اور اپنی رحمت کے گھر میں مجھ کو ان

**فِي مُسْتَقَرِّ دارِ رَحْمَتِكَ، أَشْهَدُ أَنَّكُمْ لَنا فَرَطٌ، وَنَحْنُ بِكُمْ لاحِقُونَ .**

کیساتھ مقام وجگہ عطا کر میں گواہی دیتاہوں کہ ا پ نے ہم پرسبقت حاصل کر لی ہیاور ہم ا پ کے ساتھ ملحق ہونے والے ہیں۔

A ممکن ہوسورہ قدر پڑھے' علماء کا کہنا ہے کہ ہر زیارت کیبعد قبر کے نزدیک دو رکعت نماز زیارت بجالا ئے۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com